# Official Spokesperson's response to media queries on developments on the LAC

May 14, 2020

---

## ایل اے سی پر پیشرفتوں سے متعلق میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

14 مئی، 2020

**ایل اے سی پر پیشرفت سے متعلق سوالات کے جواب میں، سرکاری ترجمان جناب انوراگ سریواستو نے کہا:**

"ہندوستان اور چین ہندوستان چین سرحد کے تمام علاقوں میں امن وسکون کی بحالی کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں۔ وزیر اعظم مودی اور چین کے صدر شی جنپنگ نے ووہان (2018) اور چنئی (2019) میں اپنے غیر رسمی سربراہی اجلاس میں اس بات کی تاکید کی تھی کہ دونوں فریقین سرحدی علاقوں میں امن وآشتی کو یقینی بنانے کے لئے کوششیں جاری رکھیں گے۔ یہ باہمی تعلقات کی مجموعی ترقی کے لئے ضروری عمل ہے۔

دونوں رہنماؤں نے اپنی افواج کو بھی باہمی اور یکساں سلامتی کے اصول سمیت دونوں فریقین کے مابین اتفاق رائے کے متعدد اعتماد سازی کے اقدامات کو پوری طرح نفاذ کرنے کی ہدایت کی تھی، اور سرحدی علاقوں میں واقعات کی روک تھام کے لئے موجودہ ادارہ جاتی انتظامات اور معلومات کے تبادلے کے طریقہ کار کو تقویت بخشنے کی ہدایت کی تھی۔ اس کے نتیجے میں، بھارت چین سرحد بہت حد تک پر پرامن رہے ہیں۔

تاہم کبھی کبھار، لائن آف ایکچول کنٹرول (ایل اے سی) کی سمجھ میں فرق کی وجہ سے، ایسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے جس سے بچا جاسکتا تھا اگر ہم ایل اے سی کے بارے میں عام خیال رکھتے۔ دونوں فریقین نے جب اور جیسے ہی ایسے حالات ابھریں، تو ان کے حل کے لئے بارڈر پرسنل میٹنگ، فلیگ میٹنگز، اور سرحدی علاقوں میں مشاورت اور رابطے کے لئےورکنگ میکانزم کے ساتھ ساتھ سفارتی چینلز سمیت دیگر میکانزم قائم کیا ہے۔

بھارتی فریق ہندوستان - چین سرحدی علاقوں میں امن وسکون کو برقرار رکھنے کے مقصد کے لئے پرعزم ہے"۔

**نئی دہلی**

**14 مئی، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release